لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابتہ اختیارات منشی راج بہادر صاحب مہتمم دکان خزانہ -	۱
۲	ممانعت نیلام مال یا اخراج مال قبل از حصول منظوری اجلاس بالا -	۲
۳	انسداد تعطیل نصف یوم یکشنبہ دفتر جنگی -	″
۴	رخصت ڈاکٹر شفاخانہ سوار -	″
۵	تنسیخ رخصت ڈاکٹر جگناتھ صاحب -	″
۶	رخصت جمعدار کانسٹبل پولیس	″
۷	نقشہ حیات ممات بارش و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱-۱ اگست سنہ ۱۹۲۳ء

رپورٹ منظور ہو - منشی راج بہادر مہتمم دکان خزانہ کے اختیارات مثل اختیارات خزانچیان سرکار متصور ہونگے - اور انکے دستخط بجائے دستخط خزانچیان جملہ امور متعلقہ دکان خزانہ مین جو کسی دفتر یا عدالت مین پیش ہون کافی سمجھے جائین - احکام ضابطہ جاری ہون - اور درج گزٹ ہو -

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بنظر عرض میر سامان

جناب عالی

گزارش ہے کہ منشی راج بہادر صاحب دیوان صدر سابق بعہدہ منیجری دکان خزانہ پر مقرر فرمائے گئے ہین مگر اس تقرر کا عام اعلان نہین ہوا جسکی وجہ سے منیجر صاحب کو بعض اوقات دشواریان پیش آتی ہین مثلاً عدالت دیوانی مین جو رقم وضعات تنخواہ ماہوار ڈگری دیون ڈگری جمع ہوتی رہی۔ پہلے اسکی وصولیابی کی یہ صورت تھی کہ بذریعہ درخواست دستخطی موہن لال مختار عام وصول ہوتی تھی۔ اب جبسے منیجر صاحب مقرر ہوئے ہین حسب دستور سابق متعدد رقوم بابت وضعات تنخواہ عدالت دیوانی مین جمع ہین منیجر صاحب دکان خزانہ نے بحیثیت منیجر خزانچیان ہونے کے بنا بر وصول درخواست عدالت مذکور مین بھیجی۔ لیکن عدالت سے اس جواب کے ساتھ درخواست واپس کر دی کہ بذریعہ درخواست خزانچی صاحبان اُنکے کسی مختار عام کو روپیہ ملسکتا ہے چونکہ منیجر صاحب دکان قایم مقام خزانچیان اور مختار عام خزانچیان سرکار ہین لہذا گزارش ہے کہ منیجر صاحب دکان خزانہ کی بابت اعلان عام فرما دیا جائے کہ اختیارات منیجر صاحب مثل اختیارات خزانچی صاحبان تصور کئے جائین۔ اُمیدوار کہ حکم منظوری صادر فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ ر اگست ۱۹۲۳ء

بعض بعض صیغہ جات ماتحت سے بلاحصول منظوری باختیار خود مال سرکار قابل نیلام یا اخراج یا خارج کر دیا جاتا ہے۔ اور بعد نیلام یا اخراج کاغذات منظوری کے واسطے ارسال اجلاس ہذا کئے جاتے ہین۔ آیندہ یہ طرز عمل ہرگز نہونا چاہیے بلکہ جب کوئی شے سرکاری قابل اخراج یا نیلام پائی جائے تو اسکی وجہ اخراج یا نیلام تحریر کرکے رپورٹ ارسال اجلاس ہذا کیجایا کرے اور اس رپورٹ پر جو حکم صادر ہو اسکے بموجب کارروائی کیجائے۔ قبل صدور حکم کوئی کارروائی ہرگز نہو۔ لہذا

حکم ہوا کہ

باجرائے احکام جملہ صیغہ جات ماتحت کو اطلاع دیجائے کہ حسب صراحت بالا تعمیل کیجائے۔ اور یہ حکم درج گزٹ بھی ہو۔ اور ایک نقل اس روبکار کی فائل بک اجلاس ہذا مین چسپان کیجائے۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
واقع ۱۴ ر اگست ۱۹۲۳ء

بذریعہ زبانی سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی نے بیان کیا کہ اتوار کے دن دفتر چنگی مین نصف یوم کی تعطیل ہوتی ہے اور دفتر بند رہتا ہے چونکہ مال کی آمد اتوار کے دن بھی ہوتی ہے مگر ریلوی گودام سے اتوار کے دن مال نہ آئے اور آمد مال کا کوئی وقت مقرر نہین ہے۔ دفتر چنگی بند ہونیسے آرندگان مال کو تکلیف ہوتی ہے اور سرکاری محصول چنگی کا نقصان ہوتا ہے اسلئے بنظر رفع تکلیف آرندگان مال و انسداد نقصان سرکاری محصول چنگی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اتوار کے دن محکمہ چنگی مین نصف یوم کی تعطیل ہرگز نہ دیجایا کرے۔ اور دفتر چنگی حسب قاعدہ برابر کھلا رہے۔

حکم ہوا کہ

بترسیل روبکار ہذا خدمت مین جنرل سپرنٹنڈنٹ صاحب کے لکھا جائے کہ حسب صراحت بالا تعمیل کیجائے۔ اور ایک نقل اس حکم کی درج گزٹ بھی ہو اور ایک نقل اس روبکار کی فائل بک اجلاس ہذا مین چسپان کیجائے۔

خلاصہ احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت
۲۷ ر اگست ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ سرجن۔ مزید رخصت بیکاہ علاوہ رخصت سابقہ ڈاکٹر رحیم بخش متعینہ شفاخانہ سوار بامو ری سید گوہر علی ہیڈ کمپونڈر پندرہ یوم الاونس منظور ہوئی۔ اور بجائے انکے الاونس شفاخانہ صدر مین ڈنگ ڈم کا جانچ ہوتا سید گوہر علی از سوار منظور کیا گیا۔

تنسیخ رخصت
۲۸ ر اگست ۱۹۲۳ء

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن۔ ڈاکٹر جگناتھ صاحب اسسٹنٹ سرجن صدر شفاخانہ کی رخصت بیکاہ منسوخ کی گئی۔

خلاصہ حکم اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

رخصت
۲۹ ر ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سید امیر حسین ہیڈ کانسٹبل کی مزید رخصت رعایتی یکماہ ۳۰ ر ستمبر ۱۹۲۳ء تک منظور کی گئی۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداء ۲۶ اگست لغایت یکم ستمبر ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر حالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد یومیہ	از ابتداء	تعداد یومیہ	از ابتداء	تعداد یومیہ	از ابتداء	تعداد یومیہ	از ابتداء	تعداد یومیہ	از ابتداء	تعداد یومیہ	از ابتداء
۲۶ اگست ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۰	۱۴۴	۰	۳۰۱	۰	۱۵۵	۰	۱۶۸	۰	۱۵۲	۰	۱۳۵
۲۷ اگست ۲۳ء یوم دوشنبہ	۳	۱۸۰	۰	۳۰۱	۰	۱۵۵	۵	۱۷۳	۰	۱۵۲	۰	۱۳۵
۲۸ اگست ۲۳ء یوم سہ شنبہ	۲۶	۲۰۶	۰	۳۰۱	۰	۱۵۵	۷	۱۸۰	۳۷	۱۸۹	۲۴	۱۵۹
۲۹ اگست ۲۳ء یوم چہار شنبہ	۰	۲۰۶	۶۰	۳۶۱	۵	۱۶۰	۹	۱۸۹	۰	۱۸۹	۰	۱۵۹
۳۰ اگست ۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۰۶	۰	۳۶۱	۰	۱۶۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۶۱
۳۱ اگست ۲۳ء یوم جمعہ	۰	۲۰۶	نقشہ نہیں آیا	نقشہ نہیں آیا	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۶۱
یکم ستمبر ۲۳ء یوم شنبہ	۰	۲۰۶	″	″	″	۰	″	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ لغایت ۲ ستمبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۹/۸ر		۱۰/۸ر		۱۰/۹ر	
نخود خالص		۱۳/۸ر		۱۲/۸ر		۱۵/۸ر	
نخود کستا آمیز		۱۵/۸ر		۱۶/۸ر		۱۶/۸ر	
کت		۱۵/۸ر		۱۵/۱۰/۸ر		۱۸/۸ر	
[illegible]		۸/۸ر		۰		۸/۸ر	
مونگ		۰	۰	۰		۸/۸ر	
مکا		۰		۰		۰	
جئی		۱۳/۸ر		۲۰/۸ر		۱۲/۸ر	
گوجئی		۰		۰		۱۲/۸ر	
عدس		۰		۰		۱۲/۸ر	
ارہر		۰		۰		۱۲/۸ر	
برنج		۳/۸ر		۳/۵/۸ر		۳/۸ر	
روغن زرد		۴ چھٹانک		۴ چھٹانک		[illegible]	
روغن سیاہ		۱/۵/۸ر		۱/۸ر		۱/۵/۸ر	
روغن کنجد		۱/۸ر		۴/۸ر		۱/۸ر	
نمک سامبھر		۴/۸ر		۴/۸ر		۸/۸ر	
نمک لاہوری		۲/۸ر		۶/۸ر		۶/۸ر	
قند سیاہ		۳/۸ر		۳/۸ر		۳/۸ر	
باجرہ		۰					

مطبوعہ [illegible] ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے اپریل ۱۹۲۳ء لغایت جون ۱۹۲۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مارگزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے گزند سے	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۶۰	۲۴	۵۹	۱۳	۱۵۶	۱۱۹	۳۷	۳۶	۲۴	۱	۵	۵۰	۳۱	۸۶	۵۸	۱۱۱	۳۴	۰	۰	۰	۱۴۵	۰	۰	۰	۱۴۵	
گنج	۳۴	۴	۱۹	۳	۶۰	۵۳	۷	۲۶	۱۴	۲	۲	۴۶	۳۱	۷۵	۴۷	۹۰	۲۴	۰	۴	۰	۱۱۸	۰	۰	۰	۱۲۲	
حوالیہ شہر	۱۲	۲۲	۱۷	۲۳	۷۸	۳۳	۴۵	۱۰	۲	۰	۱	۱۸	۱۲	۲۸	۱۵	۱۸	۲۹	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۰	۴۳	
عظیم نگر	۷۳	۴۶	۵۵	۴۲	۲۱۶	۱۲۸	۸۸	۸	۷	۶	۴	۵۴	۲۵	۹۸	۳۶	۹۸	۳۶	۰	۰	۰	۱۰۴	۰	۰	۰	۱۰۴	
شاہ آباد	۳۱	۹۱	۲۵	۸۵	۲۳۲	۵۶	۱۷۶	۲۰	۱۳	۲	۱	۵۷	۳۹	۸۷	۵۳	۴۹	۹۱	۰	۰	۰	۱۳۸	۲	۰	۰	۱۴۰	
پٹوائی	۳۱	۱۰۹	۲۳۰	۸۴	۲۳۴	۵۴	۱۹۳	۱۲	۱۱	۸	۱۸	۵۵	۱۲	۷۵	۴۱	۲۵	۹۱	۰	۰	۰	۱۱۶	۰	۰	۰	۱۱۶	
ملک	۹۳	۵۰۶	۷۲	۴۲۳	۱۰۹۴	۱۶۴	۹۳۰	۲۵	۱۶	۱۱	۳	۸۶	۷۶	۱۲۲	۹۲	۷۲	۱۹۶	۲	۰	۰	۲۰۵	۶	۰	۰	[illegible]	
بلاسپور	۳۹	۲۹	۲۱	۲۰	۱۰۹	۷۰	۴۹	۲	۵	۶	۶	۵۱	۳۰	۵۸	۴۱	۵۵	۴۴	۰	۵	۹۴	۰	۰	۰	۰	۹۹	
کیمری	۳۲	۵۶	۲۳	۴۱	۱۵۲	۵۵	۹۷	۳	۳	۱	۴	۴۵	۱۸	۴۹	۲۵	۲۴	۵۰	۰	۰	۰	۷۲	۳	۰	۰	[illegible]	
سوار	۵۶	۴۳	۳۰	۳۷	۱۶۶	۸۶	۸۰	۱۶	۱۷	۸	۹	۶۶	۲۷	۹۰	۵۳	۴۶	۷۷		۰	۱۳۵	۳	۵	۰	۰	۱۴۳	
ٹانڈہ	۴۹	۴۷	۳۶	۴۵	۱۷۷	۸۵	۹۲	۱۹	۱۷	۱۱	۲	۵۴	۱۷	۸۴	۳۵	۶۰	۴۹	۰	۲	۰	۱۱۷	۱	۰	۰	۱۱۹	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	